سوال

(264)ڈھول یا موسیقی کے آلات بجانے والے کی مدد کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا ڈھول آلات موسیقی بجانے والے کی مدد کی جائے۔ ان کو خیرات وغیرہ دینا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حتی المقدور صدقہ خیرات متشرع لوگوں کو دینا چاہیے۔ قرآن مجید میں ہے :

وَتَعاوَنوا عَلَى البِرِّ وَالتَّقوىٰ وَلا تَعاوَنوا عَلَى الإِثمِ وَالعُدوٰنِ ٢ ... سورة المائدة

''اور نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو۔''

اور حدیث میں ہے :

"لا یا کل طعامک الا تقی ''(صححہ الحاکم ووافقہ الذہبی وحسنہ الالبانی صحیح ابی داؤد کتاب الادب باب من یومران یجالس-٤٨٣٢) الترمذي (٢٥١٩) الحاکم (٤/١٢٨) المشکواۃ (5018) ''تیرا کھانا پرہیز گار ہی کھائے۔"

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص566